رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: عالمیہ سال دوم | پرچہ: پانچواں | مضمون: سنن النسائي

تاریخ: 20-02-2024 | دن: منگل | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: امام نسائی کا سن ولادت ہے۔

(الف) 215 ہجری (ب) 315 ہجری (ج) 415 ہجری (د) 515 ہجری

سوال نمبر 2: امام نسائی کا نام ہے۔

(الف) علی بن شعیب (ب) احمد بن شعیب (ج) شعیب بن سنان (د) سنان بن بحر

سوال نمبر 3: جعلت قرة عيني في ---

(الف) الحج (ب) الصوم (ج) الصلوة (د) الصدقة

سوال نمبر 4: قال علیہ السلام: "فضل --- على النساء كفضل الثريد على الطعام"

(الف) ام سلمة (ب) عائشة (ج) حفصة (د) زینب رضی اللہ عنہن

سوال نمبر 5: "واللہ ما اتاني الوحي في لحاف امرءة منكن الا هي" ھی سے مراد ہیں۔

(الف) حضرت عائشہ (ب) حضرت سودہ (ج) حضرت حفصہ (د) حضرت ماریہ رضی اللہ عنہن

سوال نمبر 6: "العسل" کا معنی ہے۔

(الف) سیب (ب) شہد (ج) بادام (د) لیموں

سوال نمبر 7: الفاظ مخصوصہ کے ذریعے نکاح کی قید کو اٹھا دینا کہلاتا ہے۔

(الف) بدعت (ب) چوری (ج) طلاق (د) مضاربت

سوال نمبر 8: قال علیہ السلام: "ايلعب بكتاب الله وانا بين اظهركم" حضور علیہ السلام نے یہ جملہ ارشاد فرمایا۔

(الف) اکٹھی تین طلاقیں دینے پر (ب) ایک طلاق دینے پر (ج) دو طلاقیں دینے پر (د) قتل کرنے پر

سوال نمبر 9: فقہاء احناف کے نزدیک حالت حیض میں دی گئی طلاق ---

(الف) شمار ہوگی (ب) شمار نہیں ہوگی (ج) کبھی ہوگی، کبھی نہیں (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

سوال نمبر 10: لعان کرتے وقت زوجین اٹھاتے ہیں۔

(الف) حلف (ب) ہتھیار (ج) وزن (د) لوہا

سوال نمبر 11: زوجین لعان کرتے ہیں۔

(الف) تنہائی میں (ب) بچوں کے سامنے (ج) والدین کے سامنے (د) قاضی کے سامنے

سوال نمبر 12: احناف کے نزدیک زوجین کے لعان کرنے کے بعد قاضی ان کے لئے فیصلہ کرے گا۔

(الف) شہر بدری کا (ب) قید بامشقت کا (ج) فسخ نکاح کا (د) جائیداد ضبط کرنے کا

سوال نمبر 13: "واشمة" کا معنی ہے۔

(الف) جسم گوندنے والی (ب) جسم کٹوانے والی (ج) بال رنگنے والی (د) بال کٹوانے والی

سوال نمبر14: مطلقہ ثلاثہ، شوہر اول کی طرف نہیں لوٹ سکتی۔

(الف) بغیر معافی کے (ب) بغیر مال کے (ج) بغیر حلالہ کے (د) بغیر گھر کے

سوال نمبر15: غزوہ تبوک کے بعد حضور علیہ السلام نے حضرت کعب بن مالک کو اپنی بیوی کے حوالہ سے حکم دیا۔

(الف) جدا ہونے کا (ب) طلاق دینے کا (ج) ترکہ دینے کا (د) صدقہ دینے کا

سوال نمبر16: عن عائشة قال النبی ﷺ: "رفع القلم عن۔۔۔"

(الف) واحد (ب) اثنان (ج) ثلاث (د) اربع

سوال نمبر17: شوہر اگر اپنی بیوی کو صرف دل ہی دل میں طلاق دے اور زبان سے تلفظ نہ کرے تو طلاق۔

(الف) فی الفور واقع ہو گی (ب) ایک ماہ بعد واقع ہو گی (ج) چھ ماہ بعد واقع ہو گی (د) واقع نہ ہو گی

سوال نمبر18: قال رسول اللہ ﷺ: "الولاء لمن۔۔۔"

(الف) اکرم (ب) اشهد (ج) اعتق (د) افتح

سوال نمبر19: شوہر اپنی بیوی سے چار ماہ یا اس سے زیادہ جماع نہ کرنے کی قسم کھالے تو یہ کہلاتا ہے۔

(الف) ایلاء شرعی (ب) کنایہ (ج) صریح (د) مشارکت

سوال نمبر20: اپنی بیوی کو محرمات سے تشبیہ دینا کہلاتا ہے۔

(الف) حقیقت (ب) مجاز (ج) مشترک (د) ظہار

سوال نمبر21: قال علیہ السلام: "المنتزعات والمختلعات هن المنافقات" یہاں "المختلعات" کا معنی ہے۔

(الف) مال لینے والیاں (ب) صدقہ لینے والیاں (ج) خلع لینے والیاں (د) مصیبت برداشت کرنے والیاں

سوال نمبر22: زناء کی جھوٹی تہمت لگانے والے کے لیے ہے۔

(الف) حد سرقہ (ب) حد قتل (ج) حد قذف (د) دس سال قید

سوال نمبر23: "الولد۔۔۔ وللعاهر الحجر"

(الف) للفراش (ب) للحاکم (ج) للجار (د) للاسرة

سوال نمبر24: عورت تین دن سے زیادہ سوگ کرے گی۔

(الف) شوہر کی وفات پر (ب) بادشاہ کی وفات پر (ج) پڑوسن کی وفات پر (د) سہیلی کی وفات پر

سوال نمبر25: زمانہ جاہلیت میں شوہر کی وفات پر عورت کی عدت ہوتی تھی۔

(الف) ایک دن (ب) دو دن (ج) ایک ہفتہ (د) ایک سال